© rasailojaraid.com



۶- عدد ۶۸ - معرفت اصطرلاب - مصنف نوراللہ بن محمد حسین شوشتری
نسخہھا ۱: ۳۲۵ میں اس رسالے کا مصنف خواجہ نصیرالدین طوسی درج ہوا ہے -

۷- عدد ۸۵ و ۸۶ - رسالہ معینہ - مصنف نا معلوم
خواجہ طوسی مصنف ہیں (نسخہھا ۱: ۵۱ - ۳۵۲)

۸- عدد ۸۷ - رسالہ ہفتاد باب در عمل ربع مقنطر - مصنف نا معلوم
بظاہر یہ تحفہ حاتمی تالیف بہاء الدین عاملی ہے (نسخہھا ۱: ۲۵۰)

۹- عدد ۱۲۷ - لوامح القمر - مصنف نا معلوم
یہ حسین بن علی کاشفی کی تالیف ہے جیسا کہ آغاز کی عبارت سے ظاہر ہے
(نیز ملاحظہ ہو نسخہھا ۱: ۳۴۴)

۱۰- عدد ۱۳۱ - معائنہ نجوم - مصنف نا معلوم
یہ قوشجی کا رسالہ ہیئت ہے جس کا ذکر مقالہ نگار نے عدد ۳۷ کے ذیل میں بھی کیا ہے -

۱۱- عدد ۱۳۳ - مفتاح الرصد - مصنف ابوالقاسم غلام حسین . . . جونپوری تیرھویں صدی ہجری کے اواسط کے ایک فاضل»-

لیکن تاریخ کتابت مخطوطہ کے آگے یہ جملہ «۱۱۴۹ سال تکمیل ہے - نسخہ مؤلف معلوم ہوتا ہے» - اس سے متناقض ہے کہ مؤلف تیرھویں صدی کے اواسط کے فاضل تھے -

مقالہ نگار نے مفتاح الرصد کے بارے میں یہ بھی لکھا ہے کہ یہ نسخہ نادر روزگار اور نہایت ہی قابل قدر ہے -

حالانکہ یہ کتاب ۱۲۵۰ھ میں جونپور سے اور ۱۸۳۵ء میں کلکتہ سے شائع ہو چکی ہے - (فہرست کتابہای چاپی فارسی، تالیف خانبابا مشار: ۱۴۸۸) -

محترم مقالہ نگار نے اپنے مقالہ کے مآخذ کے بارے میں صفحہ ۷۴ پر یہ نوٹ تحریر کیا ہے :

«اس جائزے کی تدوین میں مندرجہ ذیل فہارس سے بھی استفادہ کیا گیا ہے»-

مقالہ کی ترتیب و تدوین اور وضع و قطع بتا رہی ہے کہ مذکورہ نوٹ میں لفظ «بھی» زائد ہے -

معذرت کے ساتھ
عارف نوشاہی
مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان
A-۶۴ سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی
۲۵ نومبر ۱۹۸۰ء

بخدمت جناب ڈاکٹر وحید قریشی
مدیر مجلہ تحقیق - لاہور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مشفق خواجہ*

# بیاض ثاقب

## قسط (۳)

## بیاض : ۳

۸۰ اوراق پر مشتمل یہ بیاض ۱۵ ۱/۲ × ۹ س م سائز کی ہے - کاغذ دبیز چکنا اور لکیر دار ہے - ہر صفحے پر لکیریں کھینچی ہوئی ہیں - تحریری مواد کی سطور غیر معین ہیں - کم سے کم چھ اور زیادہ سے زیادہ سولہ سطور فی صفحہ ہیں - بعض مقامات سے اوراق کی شیرازہ بندی ختم ہو چکی ہے - متعدد مقامات سے اوراق ضائع ہو گئے ہیں یا پھاڑ کر الگ کر لیے گئے ہیں - جو اوراق پھاڑے گئے ہیں، ان میں بعض کا کچھ حصہ پشتے کی طرف اب بھی باقی ہے - چودہ صفحات سادہ ہیں (ص ۴-۲۲-۴۰-۴۲-۴۶-۵۰-۶۴-۷۲-۸۲-۹۸-۱۵۱ تا ۱۵۴) - آخری دو اوراق (ص ۱۵۷ تا ۱۶۰) کسی اور بیاض کے ہیں جن کا سائز ۱۱ ۱/۲ × ۷ ۳/۴ س م ہے - ان کا رنگ نیلا ہے -

بیاض کے شروع میں جلد کے اندر کی طرف جو کاغذ چسپاں ہے اس پر یہ مصرع لکھا ہے :

گھر میں اک بھیڑ لگی ہے مگر آباد نہیں

ص ۱ پر یہ مثل لکھی ہے :

ایک ڈاڑھی مان منوہر ایک ڈاڑھی ٹھڈو
ایک ڈاڑھی خلق فضیحت ایک ڈاڑھی بھبھو

اس کے بعد دو غزلوں کے اشعار کے ابتدائی الفاظ پنسل سے بطور یادداشت لکھے ہیں - ص ۲ پر بھی ایک ایسی ہی یادداشت درج ہے ص ۱۵۵ پر بنارس کے سری مہاراج رامانج سرستی کا پتا لکھا ہے - ص ۱۵۶ ذیل کی عبارت لکھ کر قلم زد کی گئی ہے :

"۳۰ اگست ۱۹۴۱ء - آج حسن اتفاق سے یہ پہلا موقع ہے کہ مجھ ناچیز کو بعد مدت مدیر لکھنؤ کے ریڈیو اسٹیشن میں غزل سرائی کی دعوت دی گئی"

---

*۳ ڈی ۹/۲۶ ناظم آباد کراچی ۱۸

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس کے نیچے گھر کے لیے دودھ کی خریداری کا حساب لکھا ہے۔ مندرجات کی تفصیل یہ ہے:

۱ - ص ۳ غیر مطبوعہ غزل:

دل ہے مجروح تیغ آفت کا
میں ہوں مارا ہوا محبت کا

اس کے لیے رک: حاشیہ ۲

۲ - ص ۵ غیر مطبوعہ غزل:

دل کی چھوٹی سی اک کہانی ہے
آپ سن لیں تو مہربانی ہے

اس کے لیے رک: حاشیہ ۸

۳ - ص ۱۰-۷ غیر مطبوعہ غزل

کس سے کہیں روگ اپنے جی کا
ہمدرد نہیں کوئی کسی کا

اس کے لیے رک: حاشیہ ۹

۴ - ص ۱۲ - ۱۱ غیر مطبوعہ غزل:

جلوۂ حسن ترا برق تجلی ہو کر
سامنے آ گیا ہر آنکھ کا پردا ہو کر

اس کے لیے رک: حاشیہ ۱

۵ ص ۱۴-۱۳ - غزل:

قیامت تو کی تم نے دوگام چل کر
ہمیں رہ گئے اپنی کروٹ بدل کر

چار شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۹۰ پر ہے اس کے چاروں شعر بیاض میں ہیں - بیاض میں گیارہ شعر غیر مطبوعہ ہیں:

پھر اک بار ہم سے بگڑنا مچل کر — اسی ناز سے اپنی تیوری بدل کر
خطرناک ہے غیر ہموار منزل — کہا تھا بھیڑ میں چلنا سنبھل کر
کبھیں یوں سنورتی ہیں زلفیں صنم کی — دلوں میں جو ہیں گتھیاں ان کو حل کر
ستم گر کی سفا کیاں چاہتی ہیں — صفائی ہو آپس میں تلوار چل کر
بہار اپنی سودائیوں کو دکھائیں — شجر اندراین کے پھول اور پھل کر
جگہ ہے تیرے دل میں او کج طبیعت — کہاں جائیں بل گیسوؤں سے نکل کر

[مصرعہ اول میں ''اسے'' لکھا تھا اسے قلم زد کر کے ''او'' لکھا گیا]

جدا گوشت سے ہو بھی سکتا ہے ناخن — سمجھ بوجھ کر اس معمے کو حل کر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خسود اپنی ہوس پیشگی کی بدولت نگوں بخت تو رہ گیا ہاتھ مل کر
دکھاتا ہوں رنگ فریب محبت جگر کا لہو اپنے چہرے پہ مل کر
مثل ہے کہ دیوار ہم گوش دارد چڑھی بات کوٹھوں دہن سے نکل کر
گلستان اردو زبان حیف ثاقب بنا خامہ زار اپنی ہیئت بدل کر

بیاض میں اس غزل کے ساتھ لفظ ''مسترد'' لکھا ہے - یہ غزل بیاض ۲، ۳، ۵ میں متعدد مقامات پر ہے تفصیل کے لیے رک: بیاض: ۲ (اندراج: ۳۱)

۶- ص ۱۶ - ۱۵ - غزل:

قیامت تو کی تم نے دو گام چل کر
ہمیں رہ گئے اپنی کروٹ بدل کر

چار شعروں کی یہ غزل دیوان میں صفحہ ۹۰ پر ہے - اس کے چاروں شعر بیاض میں ہیں - اوپر اندراج: ۵ کے تحت جو غیر مطبوعہ اشعار درج کیے گئے ہیں، وہ زیر نظر متن میں بھی ہیں - ان دونوں متون میں دو جگہ اختلافات ملتے ہیں مذکورہ متن کے شعر ۳ کا مصرع اول

ستم کر کی سفاکیاں چاہتی ہیں

زیر نظر متن میں اس طرح ہے: جفا کار کی خود سری چاہتی ہے -

پانچویں شعر کے مصرعہ اول میں، زیر نظر متن میں ''صحرائیوں'' کی بجائے ''سودائیوں'' ہے - دیگر تفصیلات کے لیے رک: بیاض ۲ (اندراج ۳۱)

۷- ص ۱۸ - ۱۷ - غزل

دل کے قصے کہاں نہیں ہوتے
ہاں وہ سب سے بیاں نہیں ہوتے

چار شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۲۲۷ پر ہے - اس کے چاروں شعر بیاض میں ہیں - دیوان کے شعر ۳ کا مصرعہ اول: جو ہے خوش دل ہے ایک میرے سوا

بیاض میں اس طرح ہے: ایک میرے سوا سبھی خوش ہیں

بیاض میں مندرجہ ذیل پانچ شعر غیر مطبوعہ ہیں:

بے کسی کا جہاں ہے راج وہاں حاجب و پاسباں نہیں ہوتے
[یہ شعر قلم زد کیا گیا ہے]

غم کے آنسو ہیں قدر کے قابل یہ گہر رائیگاں نہیں ہوتے

ق

مطربان سخن کے دلدادہ شعر کے قدرداں نہیں ہوتے
بزم بے کیف رہتی ہے جس میں شاعر نغمہ خواں نہیں ہوتے

میرے حال تباہ پر ثاقب
دوست بھی مہرباں نہیں ہوتے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ غزل بیاض : ۵ (اندراج ۳۸) میں بھی ہے -

۸- ص ۲۱ - ۱۹ غیر مطبوعہ غزل

حسن ہے باعث حجاب ترا
ورنہ چہرہ ہے بے نقاب ترا

اس غزل کے لیے رک : حاشیہ ۱۰

۹- ۳۰ - ۲۳ غیر مطبوعہ نظم "ہمت"

اس کے لیے رک : حاشیہ ۶

۱۰- ۳۲ - ۳۰ : غیر مطبوعہ غزل :

سنو آنکھوں سے اور دیکھو زباں سے
اگر اٹھ جائے پردہ درمیاں سے

اس کے لیے رک : خاشیہ ۷

۱۱- ص ۳۴ - ۳۳ - غیر مطبوعہ غزل :

بہار حسن ہر محفل کہاں ہے — مرا رنگیں طبیعت دل کہاں ہے
یہ قصہ عرض کے قابل کہاں ہے — نہ پوچھو میں کہاں ہوں دل کہاں ہے

[مصرع اول میں "کھڑا" لکھا تھا، اسے قلم زد کر کے "قصہ" لکھا گیا]

جوانی کی امنگوں کے گئے دن — وہ لطف زیست اب حاصل کہاں ہے

[مصرع اول، پہلے اس صورت میں تھا : جوانی کی امنگیں وائے بر حال]

جو مظلوموں کی آہوں سے نہ پگھلا — اسے پتھر سمجھیے دل کہاں ہے
بناتے پیر ہے خانہ مگر شیخ — ہر ب کعبہ اس قابل کہاں ہے
حرم کیا ہو دل عارف کا ہمسر — وہ حسن دوست کی منزل کہاں ہے
نشاط روح جن کے زمزمے تھے — نواسنجوں کی وہ محفل کہاں ہے
نظر آئے جو تو ہمت سے لے کام — کہ بحر عشق کا ساحل کہاں ہے
خدنگ ناز کا کوئی تیرے صید — مرے دل کی طرح بسمل کہاں ہے
سمجھتا ہے جنون عشق کا حکم — دل دیوانہ لا یعقل کہاں ہے
بہت ڈھونڈا کہیں ملتا نہیں کھوج — خدا جانے مقام دل کہاں ہے
نہ کھولا عقدۂ خاطر کسی نے — جو آساں ہو یہ وہ مشکل کہاں ہے
یہ اردو ہند کی ہے مایۂ ناز — مگر وہ فتنہ جو قائل کہاں ہے

ق

[پہلے یہ شعر اس صورت میں تھا :

زبان اردو کی شیریں ہے مسلم — مگر وہ منحرف قائل کہاں ہے]

طبیعت کیا صلاح کار پر آئے — رواداری پہ دل مائل کہاں ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



[مصرع ثانی پہلے اس صورت میں تھا ۔ مذاق عاشقی کامل کہاں ہے]

سر ایذا دہی سے نیش عقرب بقصد کیں نہ ہو غافل کہاں ہے
گوارا تلخ کامی ہو تو کیوں کر مذاق عشق ابھی کامل کہاں ہے

[مصرع ثانی پہلے اس صورت میں تھا : مذاق عاشقی کامل کہاں ہے]

میں اپنے دل کا ہوں مقتول ثاقب بتاؤں کیا مرا قاتل کہاں ہے

۱۲- ص ۳۷ - ۳۵ - غیر مطبوعہ غزل

غنی ہے دل تو شکوہ سکندری کیا ہے تجھے خبر نہیں شان تونگری کیا ہے
کوئی ہے برسر گردوں کوئی ہے برسر خاک گدا و شاہ میں باہم برابری کیا ہے

[مصرع اول، پہلے اس صورت میں تھا : کوئی ہے اوج فلک پر کوئی ہے شملے پر]

مآل دونوں کا جب مر کے خاک ہونا ہے تو پھر فقیر یہ منعم کو برتری کیا ہے

[یہ شعر پہلے اس صورت میں تھا :
سوائے اس کے کہ ہاتھوں کا ہے نشیب و فراز کسی فقیر.............]

غرور و ناز نہیں مشت خاک کو زیبا بجز فتور دماغی یہ خود سری کیا ہے

[مصرع ثانی، پہلے اس صورت میں تھا: ترا فتور دماغی ہے خود سری کیا ہے]

ذرا سی دیر میں سب کچھ ہےاور کچھ بھی نہیں
عروج و دولت و اقبال قیصری کیا ہے

ستائی جاتی ہیں کمزور ہستیاں دن رات
یہ مشق جور یہ بیداد گستری کیا ہے

ہزاروں کھیتیاں پامال ظلم ہوتی ہیں
مرے کریم یہ آئین داوری کیا ہے

خدائے حسن معانی ہیں جوہری کلام
یہی نہیں تو کمال سخنوری کیا ہے

میں کس طرح تجھے اے ہم صفیر سمجھاؤں
یہ واردات کہ ایذائے بے پری کیا ہے

خفا نہ ہو تو میں دونوں کا فرق بتلا دوں
کہ دلنوازیاں کیا ہیں ستم گری کیا ہے

پہیلی ایک بجھاتا ہوں آپ فرمائیں
جو بند رہتی ہے شیشے میں وہ پری کیا ہے

اتر کے پھر نہیں چڑھتی ہے آب موتی کی
سمجھ کہ قیمت پاکیزہ گوہری کیا ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



[مصرع ثانی میں پہلے "قیمت" کی جگہ "حرمت" لکھا تھا]

وہ باخبر ترے رازِ نہاں سے ہے ورنہ　　پیامبر کا کہاں پیغمبری کیا ہے

[مصرعہ ثانی پہلے اس صورت میں تھا : پیامبر کو غرور پیمبری کیا ہے]

اگر ہے آفت گرداب غم کا اندیشہ　　تو بحر عشق میں لطف شناوری کیا ہے

سمجھ سکا نہ زمانے میں آج تک کوئی　　بدی نصیب کی طالع کی یاوری کیا ہے

[مضرع اول ، پہلے اس صورت ہیں تھا : سمجھ سکا نہ زمانے میں کوئی خوش تدبیر

دیا جہاں نے یہ جھوٹی نمایشوں کو فروغ
کہ شیشہ گر کہے ، دکان جوہری کیا ہے

نہ ہوں عروج اراذل سے اہل فضل ملول
فلک کا شیوہ بجز سفلہ پروری کیا ہے

[پہلے یہ شعر اس صورت میں تھا :
دنی ہے چڑھتا (؟) ہے ، اہل فضل کی تحقیر
فلک کا خاصہ بجز..................]

میں دور چشم فسوں گر کو دیکھ کر سمجھا
ادائے عشوہ و انداز دلبری کیا ہے

کہاں حسن صفا دل کا دیکھیے ثاقب
جمال حور ہے کیا صورت پری کیا ہے

۱۳ - ص - ۳۸ - اس صفحے پر بطور یاداشت دو غزلوں کے اشعار کے ابتدائی الفاظ لکھے ہیں -

۱۴ - ص ۳۹ - غزل :

ملتا جو کوئی ٹکڑا اس چرغ زبر جد میں
پیوند لگا دیتا میں لفس مجرد میں

سات شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۱۱۱ پر ہے اس کے سب شعر بیاض میں ہیں - ایک مصرعے میں لفظی اختلاف ہے -

دیوان : گو خاک کا پتلا ہوں لیکن کوئی کیا سمجھے
بیاض : ..........................لیکن کوئی کیا جانے

یہ غزل بیاض : ۱ (اندراج : ۱۳) بیاض : ۴ (اندراج : ۲۰) اور بیاض : ۵ (اندراج : ۳۶) میں بھی ہے

۱۵- ص ۴۱ - غزل :

کہاں تک جفا حسن والوں کی سہتے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جوانی جو رہتی تو پھر ہم نہ رہتے

دس شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۱۶۸ پر ہے - بیاض میں سات شعر ہیں - دیوان کے تین شعر (شمار : ۲ ، ۴ ، ۵ ) بیاض میں نہیں - یہ غزل بیاض : ۲ (اندراج : ۱۰) میں بھی ہے -

۱۶ - ص ۴۳ - غزل :

دل کو تاکید وفا ہے کہ فنا ہو جانا
درد کو حکم قضا ہے کہ دوا ہو جانا

۲۷ شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۵ - ۳ پر ہے - بیاض میں ۱۹ شعر ہیں - دیوان کے آٹھ شعر (شمار : ۳ ، ۹ ، ۱۰ ، ۱۴ ، ۱۵ ، ۱۶ ، ۲۳ ، ۲۶ بیاض میں نہیں ہیں - دیوان کے شعر ۲۰ کا مصرع ثانی ہے : مجھے معلوم ہے شعلے کا ہوا ہو جانا -

بیاض میں ''مجھے'' کی جگہ ''مجھ کو'' ہے - دیوان کے غلط نامے میں بیاض کے مطابق تصحیح کی گئی ہے -

۱۷- ص ۴۹ - ۴۷ - غزل :

محبت ہو گئی تھی عشق کو اتنی مرے دل سے
کہ نکلا قاتل و مقتول میں کچھ فرق مشکل سے

بیاض میں سترہ شعر ہیں ، اور یہ سب دیوان میں ہیں - دیوان میں اس زمین میں تین غزلیں (ص ۲۷ - ۱۶۹) ہیں - ان میں سے پہلی غزل کے نو (شمار : ۱ ، ۳ ، تا ۶ ، ۸ ، ۱۰ ، ۱۴ ، ۱۵) دوسری غزل کے چھے (شمار : ۱ ، ۵ ، ۷ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۳) اور تیسری غزل کے دو شعر (شمار : ۴ ، ۱۱) بیاض میں ہیں - بیاض : ۴ (اندراج : ۵) میں اس زمین میں تین غزلیں ہیں -

۱۸- ص ۵۲ - ۵۱ - غزل :

چمن کا ذکر کیا اب تو خدا کو یاد کرتے ہیں
خوشی صیاد کو ہوتی ہے جب فریاد کرتے ہیں

گیارہ شعروں کی یہ غزل دیوان ص ۱۱۳ پر ہے - ان میں سے دس شعر بیاض میں ہیں - دیوان کا تیسرا شعر بیاض میں نہیں ہے -

۱۹ - ص ۵۴ - ۵۷ - غزل:

روشن چراغ تھے نہ ستاروں میں نور تھا
فرقت میں آہ دل کا اثر دور دور تھا

اکیس شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۳ - ۲ و ۷۱ پر ہے - بیاض میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



گیارہ شعر ہیں ، اور یہ سب دیوان میں ہیں - (شمار : ۱ ، ۲ ، ۴ تا ۶ ، ۸ ، ۱۰ تا ۱۲ ، ۱۷ ، ۱۸ ) یہ غزل بیاض : ۴ (اندراج : ۱) اور بیاض : ۵ (اندراج : ۴۴) میں بھی ہے -

۲۰- ص ۵۷ - ۵۵ - غزل :

دیکھتا حسن کا عالم جو نہ حیران ہوتا
خیر یوں بھی سہی دل تو نہ پریشان ہوتا

اٹھارہ شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۱۳ - ۱۲ پر ہے - بیاض میں سترہ شعر ہیں - ان میں سے سولہ دیوان میں ہیں - دیوان کے دو شعر (شمار : ۱۲ ، ۱۷) بیاض میں نہیں - بیاض میں ایک شعر غیر مطبوعہ ہے -

اصل کھل ہی گئی واعظ کی عیاں راچہ بیاں
آدمیت سے گزرتا نہ جو انسان ہوتا

یہ غزل زیر نظر بیاض میں اندراج : ۳۷ کے تحت بھی ہے -

۲۱ - ص ۶۰ - ۵۹ - غزل :

دیار دل میں کہیں دوست کا پتہ نہ ملا
وہ بد نصیب ہوں کعبے میں بھی خدا نہ ملا

گیارہ شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۴۹ پر ہے - یہ سب شعر بیاض میں بھی ہیں - یہ غزل بیاض : ۴ (اندراج : ۴۴) میں بھی ہے

۲۲ - ص ۶۳ - ۶۱ - غزل :

آئینۂ عبرت مرا دل بھی ہے جگر بھی
اک درد کی تصویر ادھر بھی ہے ادھر بھی

اس زمین میں دو غزلیں ہیں جو ص ۹۴ - ۱۴۷ پر ہیں اور ۳۳ شعروں پر مشتمل ہیں - بیاض میں انیس شعر ہیں اور یہ سب دیوان میں ہیں - دیوان کی پہلی غزل کے پانچ شعر (شمار : ۲ ، ۶ ، ۸ ، ۱۲ ، ۱۷) اور دوسری کے نو (شمار : ۳ ، ۶ ، ۷ ، ۹ تا ۱۴) بیاض میں نہیں ہیں - یہ غزل بیاض : ۴ (اندراج : ۳۹) اور بیاض : ۵ (اندراج ۴۳) میں بھی ہے -

۲۳ - ص ۶۷ - ۶۵ - غزل :

محبت وہ ہے جس کو نشتروں کا کام آتا ہے
لہو دیتی ہے دل کی رگ جو تیرا نام آتا ہے

اٹھارہ شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۵۰ ص ۴۹ پر ہے- بیاض میں پندرہ شعر ہیں ، اور یہ سب دیوان میں ہیں - دیوان کے تین شعر (شمار : ۱۰ ، ۱۲ ، ۱۴) بیاض میں نہیں ہیں - اوپر جو مطلع درج ہوا ہے ، اس کا مصرع اول دیوان میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس صورت میں ہے : وہی الفت ہے جس کو........
یہ غزل بیاض : ۴ (اندراج : ۱۱) میں بھی موجود ہے -

۲۴- ص ۶۸ - ۶۷ - غزل :

تیغ کے ہمراہ میرا دل کف قاتل میں ہے
موت ہے آسان لیکن جان کس مشکل میں ہے

اکیس شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۵۲ - ۱۵۱ پر ہے - بیاض میں تیرہ شعر ہیں ، ان میں سے بارہ دیوان میں موجود ہیں - دیوان کے نو شعر (شمار : ۲ ، ۴ ، ۵ ، ۸ ، ۱۱ ، ۱۵ ، ۱۷ ، ۱۹) بیاض میں نہیں - بیاض میں ذیل کا ایک شعر غیر مطبوعہ ہے :

عذر خواہ ظلم ہے کس حسن سے ہنگام قتل
وہ تواضع کی ادا جو خنجر قاتل میں ہے

مصرع ثانی ، پہلے اس صورت میں تھا : سر جھکانے کی ادا......
یہ غزل زیر نظر بیاض میں اندراج : ۲۷ کے تحت بھی ہے -

۲۵ - ص ۷۰ - ۶۹ - غزل :

کل بہت نازاں عروج بخت پر صیاد تھا
بات اتنی تھی کہ میں تھا قید وہ آزاد تھا

دیوان میں اس زمین میں دو غزلیں ہیں (ص ۲۴ - ۲۲) جن میں مجموعی طور پر تیس شعر ہیں - بیاض میں گیارہ شعر ہیں جو دیوان کی دونوں غزلوں میں منقسم ہیں - پہلی غزل میں پانچ (شمار : ۴ تا ۶ ، ۱۰ ، ۱۴) اور دوسری غزل میں چھ (۴ ، ۷ تا ۹ ، ۱۴ ، ۱۵) شعر ہیں -

۲۶ - ص ۷ - غیر مطبوعہ غزل :

فنا راہ محبت میں مرا دل ہوتا جاتا ہے
جو اس جینے کو لازم ہے وہ حاصل ہوتا جاتا ہے
نبرد عشق میں صد آفریں اس دل کی ہمت پر
جراحت کھاتا جاتا ہے مقابل ہوتا جاتا ہے
دماغی قوتیں زیر اثر ہیں ضعف پیری کے
سمجھنا سہل مطلب کا بھی مشکل ہوتا جاتا ہے

۲۷- ص ۷۴ - ۷۳ - غزل :

تیغ سے ہمراہ میرا دل کف قاتل میں ہے
موت ہے آسان لیکن جان کس مشکل میں ہے

اکیس شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۵۲ - ۱۵۱ پر ہے - بیاض میں دس شعر ہیں - ان میں سے سات دیوان میں موجود ہیں (شمار : ۱ ، ۸ ، ۹ ، ۱۳ ، ۱۸ ،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲۰، ۲۱) - تین شعر بیاض میں غیر مطبوعہ ہیں - ان میں سے ایک اوپر اندراج ۲۴ کے تحت ہے - اس کا دوسرا مصرع مذکورہ اندراج کے مصرعے سے مختلف ہے :

جھک کے ملنے کی ادا جو خنجر قاتل میں ہے

پہلے یہ مصرع یوں تھا : یہ تواضع کی ادا........

دو غیر مطبوعہ شعر یہ ہیں :

خرمن برق محبت ہوں تو اے دانائے راز
کیوں طمع گردوں کو میری عمر لا حاصل میں ہے

کیا کہوں نغمے ہوئے صیاد کو نالے مرے
میں اسے دکھلا نہیں سکتا جو میرے دل میں ہے

۲۸- ص ۷۶ - ۷۵ - غزل :

یوں اکیلا دشت غربت میں دل ناکام تھا
پیچھے پیچھے موت تھی آگے خدا کا نام تھا

دیوان میں اس زمین میں دو غزلیں ہیں جو ص ۵۵ - ۵۳ پر ہیں - ان دونوں غزلوں میں چوبیس شعر ہیں - بیاض میں نو شعر ہیں جو دیوان کی دونوں غزلوں میں منقسم ہیں - پہلی غزل میں چھ (شمار : ۱، ۲، ۵، ۱۰ تا ۱۲) اور دوسری غزل میں تین (شمار : ۳، ۸، ۱۱) شعر ہیں - یہ غزل بیاض : ۴ (اندراج : ۲۹) میں بھی ہے -

۲۹- ص ۷۸-۷۷ - غزل :

مٹ کے بھی آئینۂ رخسار خوباں ہو گئیں
خون اہل عشق کی بوندیں گلستاں ہو گئیں

اٹھارہ شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۹۷ - ۹۵ پر ہے - بیاض میں چودہ شعر ہیں - دیوان کے چار شعر (شمار : ۳، ۷، ۹، ۱۷) بیاض میں نہیں ہیں - دیوان کے چوتھے شعر کا مصرع ثانی : ہڈیاں جل جل کے شمع زیر داماں ہو گئیں
بیاض میں اس صورت میں ہے : ہڈیاں جل کر چراغ زیر داماں ہو گئیں
یہ غزل بیاض : ۲ (اندراج : ۳۸) کے تحت بھی ہے -

۳۰ - ص ۸۰ - ۷۹ - غزل :

پردہ رہا کہ جلوہ وحدت نما ہوا
غش نے خبر نہ دی مجھے کب سامنا ہوا

سترہ شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۴۵ - ۴۳ پر ہے - بیاض میں نو شعر ہیں - ان میں سے سات دیوان ہیں (شمار : ۱، ۳، ۵، ۷، ۸، ۱۱، ۱۲) - ذیل

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے دو شعر غیر مطبوعہ ہیں :

عبرت سے دیکھ پنجۂ قاتل رنگا ہوا
رہ گیروں سے نہ پوچھ کہ دل میرا کیا ہوا

تنکوں کا آشیاں تھا مگر اہل دل سے پوچھ
اک گھر تھا حسرتوں کا چمن میں بنا ہوا

یہ غزل اسی بیاض کے اندراج : ۳۳ کے تحت بھی ہے - بیاض ۴ میں اس زمین میں دو غزلیں (اندراج : ۱۵) ملتی ہیں -

۳۱ - ص ۱۰ - غزل :

کل وحدت فرقت کا سماں ہوش رہا تھا
نالہ بھی مرے منہ سے نکلتے ہی ہوا تھا

سات شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۶۴ - ۶۳ پر ہے - بیاض میں یہی سات شعر ہیں -

اختلافات :

شعر ۲ - دیوان : وہ کر گئے تھے مجھ کو بلاؤں کے حوالے
سب جھیل لیں میں نے کہ مرا بھی تو خدا ہے

بیاض : وہ کر گئے تھے مجھ کو غم وہم کے حوالے
سب جھیل لیے میں نے کہ میرا بھی خدا ہے

شعر ۷ - مصرع ۱ دیوان : ثاقب انہیں کیا حال شب ہجر بتاؤں
بیاض : ثاقب انہیں کیا ہجر کی روداد سناؤں

۳۲ - ص ۸۴ - ۸۳ - غزل :

لاغری سے اک ورق ہوں دفتر تاثیر میں
جان پڑ جائے جو کام آئے تری تصویر میں

انیس شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۹۹ - ۹۸ پر ہے - بیاض میں سترہ شعر اور ایک مصرع ہے - ان میں گیارہ شعر دیوان میں ہیں (شمار : ۱ ، ۲ ، ۴ ، ۵ ، ۷ تا ۹ ، ۱۲ ، ۱۳ ، ۱۷ ، ۱۹) - بیاض کے غیر مطبوعہ اشعار یہ ہیں :

آگ یہ کیسی لگی ہے سینۂ دل گیر میں
چھالے آتے ہیں نظر آئینہ تقدیر میں

وائے محرومی خدنگ ناز آتا تھا کہ دل
ہو کے ٹکڑے اڑ گیا کوسوں ہوائے تیر میں

[مصرع ثانی ، پہلے اس صورت میں تھا : وائے قسمت وہ خدنگ......]

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چپ رہا تا حشر زخمی ہو کے لیکن آ گئی
میری خاموشی سے گویائی زبان تیر میں

طالع بد کی نحوست کا نہ تھا ممکن علاج
سامنے آیا جو لکھا تھا مری تقدیر میں

[مصرع اول میں پہلے ''نہیں'' لکھا تھا، اسے قلم زد کر کے ''نہ تھا'' لکھا گیا]

رنگ الفت چاہتا ہے مٹ کے بھی اپنی نمود
کوہکن کا خون لہراتا ہے جوئے شیر میں

خود پرکھ لیں اہل فن شاید نظر آئے کہیں
فرق ثاقب کی زباں میں اور زبان میر میں

مصرع : ہم نے کس دن کی ہے کوتاہی کسی تدبیر میں

اختلافات :

شعر ۴ - دیوان : اور دنیا تنگ ہو جائے تو کیا ہوگا مرا
پاؤں برسوں رکھ چکا ہوں خانۂ زنجیر میں

بیاض میں یہ شعر پہلے اسی صورت میں تھا، بعد میں اس طرح لکھا گیا :

قابل جنبش تھا جب تک روچکیں کڑیاں مجھے
آج سناٹا پڑا ہے خانۂ زنجیر میں

شعر ۱۷ - مصرع ۱ - دیوان : آہیں کرتا جا کہ زور ناتوانی ہے بہت
بیاض : نالے کرتا جا ......

شعر ۱۹ - دیوان : نالۂ دل تا بلب ثاقب نہیں پہنچا ابھی
اک تلاطم ہو رہا ہے عالم تصویر میں

بیاض : نالۂ ثاقب لبوں تک بھی نہیں آیا ابھی
اک قیامت ہے نمایاں عالم تاثیر میں

یہ غزل بیاض : ۱ (اندراج : ۱۹) اور بیاض ۲ (اندراج : ۴۳) میں بھی ہے -

۳۳- ص ۸۵ - غزل :

پردہ رہا کہ جلوۂ وحدت نما ہوا
غش نے خبر نہ دی مجھے کب سامنا ہوا

اس غزل کا متن اسی بیاض کے اندراج : ۳۰ کے مطابق ہے - صرف یہ فرق ہے کہ دو شعر کم ہیں - ایک تو دیوان کا بارہواں شعر ہے (ص ۴۴)، اور دوسرا مذکورہ اندراج کے تحت دوسرا شعر ہے - یہ غزل بیاض : ۴ میں بھی دو جگہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(اندراج - ۱۵) ملتی ہے -

۳۴- ص ۸٦ - غزل -

عروس دہر کو دل دے کے آزماؤں کیا
سنوارنے میں جو بگڑے اسے بناؤں کیا

پانچ شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۷۱ - ۷۰ پر ہے - یہی پانچ شعر بیاض میں ہیں -

۳۵ - ص ۸۸ - ۸۷ - غزل -

پھر اک بار ہم سے بگڑنا مچل کر
اسی ناز سے اپنی تیوری بدل کر

چار شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۹۰ پر ہے - ان میں سے صرف چوتھا بیاض میں ہے - بیاض کے زیر نظر متن میں سات شعر ہیں، ان میں سے چھ غیر مطبوعہ ہیں - اوپر اندراج : ۵ کے تحت جو غیر مطبوعہ اشعار درج کیے گئے ہیں، ان میں سے شمار ۱ تا ۳، اور ۹ تا ۱۱ زیر نظر متن میں بھی ہیں - دونوں متون میں ایک جگہ اختلاف ملتا ہے - اندراج : ۵ کے دوسرے شعر کا پہلا مصرع یہ ہے - خطرناک ہے غیر ہموار منزل

زیر نظر متن میں یہ مصرع اس طرح ہے : گرا منہ کے بل مدعی کھا کے ٹھوکر

یہ غزل بیاض - ۲، ۳، ۵ میں متعدد جگہ پر ہے - تفصیل کے لیے رک - بیاض ۲ (اندراج - ۳۱)

۳٦- ص ۹۰ - ۸۹ - غیر مطبوعہ غزل :

تجھے کچھ وہی شخص پہچانتا ہے
جو اپنی حقیقت کو خود جانتا ہے

اس کے لیے رک - حاشیہ ۵

۳۷ - ص ۹۲ - ۹۱ - غیر مطبوعہ غزل :

فرو کرنا ہے مشکل اس خزاں آثار طوفاں کو
سراسیمہ کیا ہے جس نے ارباب گلستاں کو

اس کے لیے رک - حاشیہ ۴

۳۸ - ص ۹۴ - ۹۳ - غیر مطبوعہ غزل :

جبیں ہے سجدہ گزار ان کے آستانے کی
رہین عشق ہوں عادت ہے سر جھکانے کی

اس کے لیے رک : حاشیہ ۳

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۳۹ - ص ۹۷ ۹۵ : غیر مطبوعہ نظم ''بد مستی''۔

گلابیاں اتار لے کہ کام ہے مدام سے
شفق کے سرخ طاق سے فلک کے سبز بام سے

فلک کی مے سے کام ہے زمین کی مے سے کیا غرض
اسی قدر ہے فاصلہ حلال کو حرام سے

عنب کے تاک میں ہے کیا بجز قطار آبلہ
انہیں کا آب مشتہر ہے سب میں مے کے نام سے

وہ شمع عقل آندھیوں سے جو کبھی بجھی نہیں
خموش ہو کے رہ گئی ہے اس کے ایک جام سے

بدی ہے مے کی واقعی بنائے سے بنی نہیں
نہ میرے اجتناب سے نہ تیرے احترام سے

سبو سے انبساط کیوں یہی کہ تنگ ظرف ہے
خموں کا اشتیاق کیوں فقط خیال خام سے

ملا رہے ہیں نا شناس ساغر شراب کو
کبھی تو آفتاب سے کبھی مہ تمام سے

اسی نجس شراب کا تو نام آفتاب ہے
مآل میں سیاہ ہے جو زلف مشک فام سے

یہ جس گلے میں آ گئی اسی کا دم گھٹتا کیا
صراحیوں کی ہچکیوں کو پوچھ گوش جام سے

یہ مے کشوں کی آرزو ہے ایک خون آرزو
لہو ٹپک پڑا ہے اس کے رنگ لالہ فام سے

قدم قدم پہ ایک حشر اور پھر جزا نہیں
یہ میتیں وہی ہیں جو اٹھیں نہ احترام سے

اسی خرام ناز کا خمار ایک نام ہے
نہ چل وہ راستہ جہاں خمار ہو خرام سے

جسے شراب کہتے ہیں یہی تو شر آب ہے
نہ کام سے یہ کام لے بچا زبان کو نام سے

وہ مے کدہ فلک کا ہے جو طاہر و طہور ہے
جہاں میں صبح ہوتی ہے اسی کے ایک جام سے

مخرب دماغ ہے سرور بنگ و کیف مے
حواس بھاگتے ہیں مسکرات زشت کام سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



منشیات بالعموم لائق نفور ہیں
یہ مستفاد مجملاً ہے رشحۂ کلام سے

یہ نظم بیاض - ۵ (اندراج - ۵) میں بھی ہے -

۴۰ - ص ۱۰۰ - ۹۹ - غیر مطبوعہ غزل -

یہ جادہ ہائے عشق ہیں انہیں کا میں اسیر ہوں
نہ حال پوچھیے مرا لکیر کا فقیر ہوں

سخن شناس معترف ہیں رفعت خیال کے
پڑا ہوا ہوں فرش خاک پر فلک مسیر ہوں

خدا نہ لائے وہ گھڑی نصیب دشمناں کہ میں
نگاہ اہل حسن میں خفیف یا حقیر ہوں

فلک سے ہے دم جدل یہ نعرۂ دل حزیں
کہ میری زد ہے بے پناہ اس بلا کا تیر ہوں

مریض کو یہ فکر ہے کہ ہو شفا سےہم بغل
ہزار کچھ کہے مرض کہ موت کا سفیر ہوں

[اس شعر کی مسترد صورتیں یہ ہیں :

۱- کوئی مریض خوش نہیں کہ ہو اجل سے ہم بغل
اگرچہ خود کہے مرض کہ موت کا سفیر ہوں

۲- مریض خوش نہیں کہ وہ جدا ہو بزم دہر سے
مرض بتا رہا ہے خود کہ موت کا سفیر ہوں]

خدا گواہ ہے اگر کچھ اپنا بس چلے تو میں
جہان بے ثبات سے ابھی کنارہ گیر ہوں

[اس شعر کی مسترد صورت یہ ہے :

ذرا بھی اختیار ہو تو میں خدا گواہ ہے
بجھا کے شمع زندگی لحد میں گوشہ گیر ہوں

مصرع اول اس صورت میں بھی ملتا ہے :

خدا گواہ ہے اگر ذرا بھی اپنا بس چلے]

۴۱ - ص ۱۰۲ - ۱۰۰ - غیر مطبوعہ غزل :

جلوۂ حسن ترا برق تجلی ہو کر
سامنے آ گیا ہر آنکھ کا پردا ہو کر

اس کے لیے رک - حاشیہ ۱

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۴۲- ص ۳ - ۱۰۳ - غیر مطبوعہ ''خمسہ تاریخ وفات مولوی احمد حسین موسوی مرحوم'' -

یہ خمسہ بیاض - ۱ کے اندراج -۲۲ کے تحت درج کر چکا ہوں - زیر نظر متن میں تیسرے مصرعے کی مسترد صورت یہ ہے :

اٹھ گیا دنیا کی اس مہماں سرا سے نا گہاں

یہ قطعہ بیاض - ۵ (اندراج : ۵۹) میں بھی ہے -

۴۳- ص ٦- ۱۰۴ - غیر مطبوعہ غزل :

جلوۂ حسن ترا برق تجلی ہو کر
سامنے آ گیا ہر آنکھ کا پردا ہو کر

اس کے لیے رک - حاشیہ ۱

۴۴ - ص ۸ - ۱۰۷ - غزل :

ظلم سے ذکر وفا اور سوا ہوتا ہے
ان کی ہر ایک برائی میں بھلا ہوتا ہے

اکیس شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۹۶ - ۱۹۵ پر ہے - بیاض میں ۱۴ شعر ہیں اور یہ سب دیوان میں ہیں (شمار - ۱ تا ۴ ، ٦ ، ۱۰ ، ۱۲ ، ۱۴ تا ۱۷ ، ۱۹ تا ۲۱) - دیوان سے چودھویں شعر کا مصرع اول :

ہجر کے درد کو بڑھنے دے کہ ہے مژدۂ وصل
بیاض میں یوں ہے : ........... دے کہ ہے شام فراق

یہ غزل بیاض : ۴ اندراج - ۴۱) میں بھی ہے -

۴۵ - ص ۱۰ - ۱۰۹ - غزل :

بڑے شباب یہ درد فراق مستی ہے
نہ ہو شراب تو پھروں گھٹا برستی ہے

گیارہ شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۸۰ - ۱۷۹ پر ہے - بیاض میں نو شعر ہیں ، ان میں سے آٹھ دیوان میں ہیں - دیوان کے تین شعر (شمار - ۲ ، ٦ ، ۸) بیاض میں نہیں ہیں - ذیل کا شعر بیاض میں غیر مطبوعہ ہے :

یہ اتفاق کہ ہجراں نصیب جی نہ سکا
وگرنہ وصل گراں ہے نہ جان سستی ہے

یہ غزل بیاض -۱ (اندراج - ۲۷) میں بھی ہے :

۴۶ - ص ۱۲ - ۱۱۱ - غیر مطبوعہ غزل :

اب اس کا ذکر ہی کیا جب دل تپاں نہ رہا
میں اور اس کے سوا کیا کہوں کہ ہاں نہ رہا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس غزل کے شروع اور آخر میں تاریخ تصنیف ۷ جنوری ۱۹۴۲ء درج ہے۔ آخر میں یہ بھی لکھا ہے "بجہت مشاعرہ بھوپال گفتہ شد" تفصیل کے لیے رک : اسی بیاض کا اندراج ۶۴ -

۴۷ - ص ۱۱۳ - غیر مطبوعہ قطعہ تاریخ وفات -

اس صفحے پر ثاقب نے خود اپنا قطعہ تاریخ وفات لکھا ہے - یہ پنسل سے لکھا گیا ہے، اور پھر پنسل ہی سے اس طرح قلم زد کیا گیا ہے کہ اکثر الفاظ پڑھنے میں نہیں آتے - یہ قطعہ بیاض -۱ (اندراج - ۴۲) میں بھی ہے اور درج کیا چکا جا ہے۔ زیر نظر متن میں پانچ شعر ہیں - تین شعر (شمار ۱، ۳، ۴) بیاض - ۱ کے متن میں موجود ہیں اور وہاں شمار - ۱، ۲، ۴ پر ہیں - زیر نظر قطعے میں دو شعروں (دوسرے اور پانچویں) کے مندرجہ ذیل الفاظ پڑھنے میں آتے ہیں -

پس از یک عمر........
گزر جانے کا ........
کہوں ثاقب خود اپنا سال رحلت
..................................

۱۳۶۲ ہجری

بیاض - ۱ کے قطعے میں عیسوی سال تھا، یہاں ہجری ہے - بیاض - ۱ کے قطعے کا دوسرا شعر اس قطعے میں ذیل کی صورت میں ہے :

ستتر سال کی غم ناک روداد
کہیں اس جاد، کنی میں کیا کسی سے

۴۸- ص ۱۱۴ - غیر مطبوعہ قطعہ تاریخ وفات -

یہ بھی ثاقب کی اپنی وفات کا قطعہ تاریخ ہے - پنسل سے لکھا ہے، اور اس طرح قلم زد کیا ہے کہ آخری شعر بالکل ناخوانا ہے صرف "۱۳۶۲ ہجری" پڑھنے میں آتا ہے :

خزاں لازم ہے ہستی کے چمن کو — وہ اس گلزار کے گل ہوں کہ بوٹے
کچھ اچھے کام کر لے اس سے پہلے — کہ تجھ کو موت کا قزاق لوٹے
حیات دہر میں ہے غیر ممکن — کہ رشتہ عمر کا از خود نہ ٹوٹے
ذرا آہستہ ڈالیں خاک احباب — کہ نازک آبلہ دل کا نہ پھوٹے

......................

۱۳۶۲ ہجری

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۴۹- ص ۱۶- ۱۱۵ - غیر مطبوعہ غزل :

اب اس کا ذکر ہی کیا جب دل تپاں نہ رہا
میں سے تم کیا کہوں اس کے سوا کہ ہاں نہ رہا

اس کے لیے رک : اسی بیاض کا اندراج ۴۶-

۵۰ - ص ۱۸ - ۱۱۷ - غیر مطبوعہ غزل :

دل کی چھوٹی سی اک کہانی ہے
آپ سن لیں تو مہربانی ہے

اس کے لیے رک - حاشیہ ۸

۵۱ - ص ۱۱۹ - غزل -

آنکھ لڑ جانا تماشا ہو گیا
میں بھری محفل میں رسوا ہو گیا

سات شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۶۸ - ۶۷ پر ہے - ان میں سے صرف چار بیاض میں ہیں (شمار : ۲ تا ۴ ، ۶) بیاض میں گیارہ شعر ہیں۔ سات غیر مطبوعہ ہیں - ان میں سے مطلع اوپر درج کیا گیا ہے، باقی یہ ہیں :

اللہ اللہ صورت زیبائے حسن — دیکھنے والوں کو سکتا ہو گیا
دل کے مر جانے سے بزم حسن میں — ایک سناٹا سا پیدا ہو گیا
خواب تھا عہد گزشتہ کا خیال — آنکھ کھلتے ہی سویرا ہو گیا
رنگ نیرنگ محبت دیکھیے — دل ابھی کیا تھا ابھی کیا ہو گیا
چشم پرفن کی ادا تھی دل کا مول — آنکھوں ہی آنکھوں میں سودا ہو گیا

غفلتوں کی نیند ثاقب تا کجا
کھولیے آنکھیں سویرا ہو گیا

دیوان اور بیاض میں ایک جگہ اختلاف ملتا ہے -

شعر ۲ - مصرع ۱ - دیوان : وہ اٹھے انگڑائیاں لیتے ہوئے
بیاض : لے کے انگڑائی وہ اٹھے بزم سے

یہ غزل اسی بیاض میں اندراج : ۶۱ کے تحت بھی ملتی ہے - بیاض ۵ میں بھی دو جگہ (اندراج - ۲۱ ، ۲۸) ہے -

۵۲ - ص ۲۱ - ۱۲۰ - غیر مطبوعہ غزل :

مجھے کچھ وہی شخص پہچانتا ہے
جو اپنی حقیقت کو خود جانتا ہے

اس کے لیے رک : حاشیہ ۵-

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۵۳ - ص ۲۴ - ۱۲۲ - غیر مطبوعہ قصیدہ ''صبح ایجاد،' -

پلہ نہ جھکا اوج سے بھی چرخ بریں کا
کچھ خاک کے پتوں سے بڑھا وزن زمیں کا

قدسی کے لیے سجدہ آدم ہوا تجویز
یوں کاتب قدرت نے بھرا نقش جبیں کا

جس ذرے کو چمکائے تری بندہ نوازی
معدن ہوئی یہ خاک خلافت کے نگیں کا

اس عنصر خاکی نے قبا نور کی پہنی
قدرت نے کہا ہاں تو نہ تھا دخل نہیں کا

مخفی و عیاں نقش تھے دو ظاہر و باطن
یہ مائل دنیا وہ طلب گار تھا دیں کا

گہوارہ قدرت کی بلندی پہ نظر کر
کس مہد میں مولود تھا آغوش زمیں کا

ایجاد نے ہونٹوں میں حلاوت کو جگہ دی
آنکھوں میں مکاں بن گیا حسن نمکیں کا

منزل تھی جہاں ذکر کی ایوان دہن میں
سبحہ ہوا تیار وہیں در ثمیں کا

پسلی ہوئی محراب صفت دونوں طرف خم
سینہ تھا کہ اک قصر بنا قلب حزیں کا

مشہور ہے جس ذات کا آوازۂ عزت
میں ہوں وہی ہر عشق نے رکھا نہ کہیں کا

ہاں ساقیٔ کوثر کی توجہ سے کرم سے
دل ہے مرا اک مےکدہ فردوس بریں کا

انگشت شہادت ہے ازل سے سوئے حیدر
کعبہ بھی ہے اک قبلہ نما قبلۂ دیں کا

یہ پاؤں ہیں یا کیا ہے سر دوش محمد
منہ دیکھ تو لوں مہر نبوت کے نگیں کا

ٹوٹے ہیں محبت میں دل اتنے کہ نہیں حد
یوں گرم تھا بازار نہ یوسف سے حسیں کا

سجدے ہوئے اتنے کہ ہے جو ذرہ نجف میں
ٹوٹا ہوا تارہ ہے وہ گردون جبیں کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ثاقب میں کروں یا نہ کروں مدحت ضربت
پرواز میں ہے ذکر پر روح امیں کا

یہ قصیدہ بیاض : ۴ (اندراج - ۱٦) میں بھی ہے -

۵۴- ص ۲٦ - ۱۲۵ - غزل :

آنکھ پڑتے ہی نہ تھا نام شکیبائی کا
در مے خانہ تھا نقشہ تری انگڑائی کا

پندرہ شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۳۵ - ۳۴ پر ہے - بیاض میں آٹھ شعر ہیں ، اور یہ سب دیوان میں موجود ہیں (شمار : ۱ تا ۳ ، ۷ ، ۱۱ تا ۱۳ ، ۱۵) - ایک جگہ لفظی اختلاف ملتا ہے -

شعر ۱۲ - مصرع ۱ - دیوان : ساتھ دینے کا تو احسان ہے مجھ پر لیکن
بیاض : ساتھ رونے کا..........

یہ غزل بیاض - ۴ (اندراج - ۸) میں بھی ہے -

۵۵- ص ۱۳۸ - غزل :

مے کدے میں ہیں سنبھالے ہوئے سر نوش مجھے
آج کیا پی ہے کہ آتا ہی نہیں ہوش مجھے

دس شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۱۳۸ پر ہے - بیاض میں چار شعر ہیں ، جن میں سے تین بیاض میں ہیں - (شمار : ۱ ۸ ۹) بیاض میں ایک شعر غیر مطبوعہ ہے :

محو اسی فکر میں رہتا ہوں کہ تم کچھ بولو
کر دیا ذوق سخن نے ہمہ تن گوش مجھے

۵٦- ص ۱۲۸ - غزل :

وہ روح بخش جاں تھے جاں کاہ بن کے نکلے
کچھ دم تھے پاس اپنے جو آہ بن کے نکلے

پانچ شعروں کی یہ غزل دیوان میں ص ۹۵ - ۱۹۴ پر ہے - یہی پانچ شعر بیاض میں بھی ہیں - اوپر جو مطلع درج ہوا ہے ، دیوان میں اس کے دوسرے مصرعے میں ''اپنے'' کی بجائے ''میرے'' ہے - یہ غزل بیاض : ۲ (اندراج - ٦۰) میں بھی ہے -

۵۷- ص ۱۲۹ - غیر مطبوعہ غزل :

جز فریب نگاہ میں کیا ہوں — تیرے نیرنگ کا تماشا ہوں
دل لگانے کا یہ صلہ پایا — کچھ میں کھویا ہوا سا رہتا ہوں
پرسش حال اس نے کی تو مجھے — یہی کہتے بنا کہ اچھا ہوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



